رائے عامہ سروے

# سیکورٹی

# 24ممالک سے کیے گئے سروے میں ملک کے لیے لڑنے پر تیار ہونے کے حوالے سے رائے رکھنے والوں کی شرح پاکستان میں سب سے زیادہ پائی گئی، 96% پاکستانیوں کی ایک بھاری اکثریت کے مطابق وہ پاکستان کے لیے لڑنے کے لیے تیار ہیں۔

(گیلپ پاکستان اور ون ورلڈ سروے کی رپورٹ جاری)،

(اسلام آباد، 20جون، 2022)


پاکستان میں گیلپ &گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے (اور اسی طرح کا سروے ورلڈ وائڈ انڈیپنڈیٹ نیٹ ورک آف مارکیٹ ریسرچ (WIN) کی جانب سے دنیا بھر میں منعقد کیا گیا) کے مطابق، 24ممالک سے کیے گئے سروے میں ملک کے لیے لڑنے پر تیار ہونے کے حوالے سے رائے رکھنے والوں کی شرح پاکستان میں سب سے زیادہ پائی گئی، 96% پاکستانیوں کی ایک بھاری اکثریت کے مطابق وہ پاکستان کے لیے لڑنے کے لیے تیار ہیں۔

یہ نتائج دی ورلڈ وائڈ انڈیپنڈیٹ نیٹ ورک آف مارکیٹ ریسرچ (WIN) جو کہ ہر براعظم میں مارکیٹ ریسرچ اور رائے عامہ سروے منعقد کرنے والا ایک عالمی ادارہ ہے کے حالیہ بین الاقوامی سروے جسے دنیا بھر میں منعقد کیا تھا میں سے سامنے آئے ہیں۔ ون انٹر نیشنل نے سالانہ ون ورلڈ سروے (WWS-2021) شائع کیا ہے،اس سروے میں دنیا بھر کے 24ممالک کے باشندوں نے شرکت کی، جس میں 19,422افراد کی رائے اور عقائد کا تحقیقی جائزہ لیا گیا ہے۔ پاکستان میں فیلڈ ورک 5تا 8اپریل 2022کے درمیان ہوا اور یہ سروے 500افراد سے کیا گیا۔

انٹر نیشنل پریس ریلیز کی مکمل رپورٹ یہاں سے حاصل کی جاسکتی ہے۔

سروے میں دنیا بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" فرض کریں کہ اگر کوئی ایسی جنگ ہو جس میں پاکستان شامل ہو تو کیا آپ اپنے ملک کے لیے لڑنے کے لیے تیار ہوں گے ؟ "**۔ پاکستان میں اس سوال کے جواب میں، 96%جوابدہندگان کے مطابق "ہاں" وہ اپنے ملک کے لیے لڑنے کے لیے تیار ہوں گے، 3% جوابدہندگان کے مطابق "نہیں" وہ اپنے ملک کے لیے لڑنے کے لیے تیار نہیں ہوں گے، جبکہ 1% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

"فرض کریں کہ اگر کوئی ایسی جنگ ہو جس میں پاکستان شامل ہو تو کیا آپ اپنے ملک کے لیے لڑنے کے لیے تیار ہوں گے؟"





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

## ممالک کے اعتبار سے نتائج:

پاکستان میں، شہریوں کا اپنے ملک سے گہرا تعلق /لگاؤ رکھنے کی طرح، جنگ کی صورت میں اپنے ملک کے دفاع کیلئے تیار افراد کی شرح (96%) سب سے زیادہ پائی گئی۔ جاپان (19%) اور نیدرلینڈز (16%) وہ ممالک ہیں جہاں جنگ کی صورت میں اپنے ملک کے دفاع کیلئے تیار افراد کی شرح سب سے کم پائی گئی۔

### ممالک کے اعتبار سے نتائج




*گراف میں معلوم نہیں/جواب نہیں دیا کے نتائج کو شامل نہیں کیا گیا۔


*اپینڈکس میں ممالک کی مکمل فہرست اور اُن کے نتائج دیے گئے ہیں۔

*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

## عمر کے اعتبار سے نتائج:

عالمی سطح پر، نوجوانوں کی بڑی تعداد (50%) نے یہ دعویٰ کیا کہ جنگ کی صورت میں وہ اپنے ملک کیلئے لڑیں گے۔

### عمر کے اعتبار سے نتائج





*معلوم نہیں/جواب نہیں دیا کے نتائج کو شامل نہیں کیا گیا۔

*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

## جنس کے اعتبار سے نتائج:

حب الوطنی کا احساس اور اپنے ملک کے لیے لڑنے کا جذبہ خواتین کی نسبت مرد حضرات میں زیادہ پایا گیا۔





*معلوم نہیں/جواب نہیں دیا کے اعداد و شمار کو شامل نہیں کیا گیا۔

*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

## اپینڈکس:

**سوال: "فرض کریں کہ اگر کوئی ایسی جنگ ہو جس میں پاکستان شامل ہو تو کیا آپ اپنے ملک کے لیے لڑنے کے لیے تیار ہوں گے؟"**




*معلوم نہیں/جواب نہیں دیا کے اعداد و شمار کو شامل نہیں کیا گیا۔

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 500 مرد و خواتین سے 5 اپریل تا 8 اپریل 2022 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

GILANI RESEARCH FOUNDATION

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

**Monday, June 20, 2022**

*(5 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2022

celebrating 42 years of Gallup Pakistan (1980-2022)